الیکشن کمیشن آف پاکستان

Media Coordination and Outreach Wing

پریس ریلیز

مورخہ 10فروری 2023 اسلام آباد

آج الیکشن کمیشن کا اہم اجلاس ہوا جس کی صدارت چیف الیکشن کمشنر جناب سکندر سلطان راجہ نے کی۔ اجلاس میں معزز ممبران الیکشن کمیشن کے علاوہ سیکریٹری الیکشن کمیشن و دیگر سئنیر افسران نے بھی شرکت کی۔

اجلاس میں صدر مملکت کی طرف سے بھیجے گئے مراسلہ مورخہ 8 فروری 2023 پر غور کیا گیا، اس کے آئینی اور قانونی مضمرات اور الیکشن کمیشن کی آئینی و قانونی ذمہ داریوں پر بھی تفصیلاً غور کیا گیا۔

مزید الیکشن کمیشن نے وزارت داخلہ کی چٹھی مورخہ 8 فروری 2023 پر بھی غور کیا جس میں انہوں نے ملک میں امن و امان کی خراب صورتحال اور دہشتگردی کیخلاف جنگ کے حوالے سے یہ بتایا کہ سیکیورٹی حالات کے مد نظر الیکشن کے دوران پاک فوج اور سول آرمڈ فورسز کو static duty کے لئے مہیا نہیں کیا جاسکتا ۔

اس کے علاوہ الیکشن کمیشن نے فنانس ڈویژن کی طرف سے ملک میں معاشی صورتحال اور الیکشنز کے انعقاد کے لئے مطلوبہ فنڈز کی عدم دستیابی پر غور کیا جس میں الیکشن کمیشن سے فنڈز کی فراہمی کی درخواست کو موخر کرنے کا کہا گیا ۔

مزید اجلاس میں چیف سیکرٹری پنجاب اور خیبر پختونخوا، آئی جی پنجاب اور خیبر پختونخوا کی طرف سے پیش کئے کے سکیورٹی خدشات اور دیگر عوامل پر غور کیا گیا جو کہ پر امن انتخابات کے انعقاد کے لیے ضروری ہیں۔